دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا ٹائمز ہائر ایجوکیشن ایشیا یونیورسٹی رینکنگ دو ہزار چھبیس میں شان دار مظاہرہ؛

جامعہ نے ایک سو ساٹھواں مقام حاصل کیا

New Delhi, April 27, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایک سو ساٹھواں مقام حاصل کر کے ایک اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔ باوقار ٹائمز ہائر ایجوکیشن ایشیا یونیورسٹی رینکنگ دو ہزار چھبیس کی رینکنگ، گزشتہ سال کے مقابلے میں قابل ذکر بہتری کی نشان دہی کرتی ہے، جو یونیورسٹی کی ترقی کے ساتھ ساتھ تعلیمی افضیلت اور عالمی شہرت پر دلالت کرتی ہے۔

اس شان دار کامیابی پر اظہار مسرت کرتے ہوئے عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ برادری کو اس کی لگن اور اجتماعی کوششوں کے لیے مبارک باد دی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جامعہ کو یہ اعزاز ملنا یونیورسٹی کی جانب سے معیار، تعلیم، مؤثر تحقیق اور عالمی سطح پر مشغولیت کے مسلسل عزم کو نشان زد کرتا ہے۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بھی اس موقع پر فیکلٹی اراکین، طلبہ، اسٹاف اور آئی قیو اے سی کو مبارک باد دی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس نوع کی کامیابیاں مسلسل ادارہ جاتی کوششوں اور ٹیم ورک کا ثمرہ ہوتی ہیں۔

پروفیسر رفعت پروین، اعزازی ڈائریکٹر، آئی قیو اے سی نے جشن کے ماحول کو دو آتشہ کرتے ہوئے آئی قیو اے سی کی جانب سے سبھی کو مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ بہتر رینکنگ معیاری تدریس و تحقیق، تعلیمی جدت اور ادارہ جاتی فضیلت کے تئیں جامعہ کے غیر متزلزل توجہ کا ثبوت ہے۔

یہ کامیابی ایشیا کی معروف یونیورسٹیوں میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی پوزیشن کو مزید مضبوط کرتی ہے۔ آئندہ برسوں میں زیادہ بلندیوں کو سر کرنے کے لیے سرچشمہ تحریک و تشویق ہوگی۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ